# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 22 May-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۲ مئی ۲۰۲۵ء

وقت: ۱۰:۹-۹:۰۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ 18 ریاستوں کے 103 امرت بھارت ریلوے اسٹیشنوں کا آج وزیرِ اعظم کے ہاتھوں افتتاح؛ ریاست کے 15 اسٹیشن بھی شامل۔

☆ خریف ہنگام میں دو کروڑ چار لاکھ ٹن زرعی پیداوار کا ہدف مقرر کرنے کا وزیرِ اعلیٰ کا عندیہ۔

☆ کسانوں کو 200 روپئے فیس کے عوض زمین کی تقسیم کی پیائش اور نقشے فراہم کرنے کا حکومت کا اعلان۔

☆ چھترپتی سمبھا جی نگر شہر میں ڈرینج کی صفائی کیلئے روبوٹک نظام فعال۔

اور۔۔۔☆ محکمۂ موسمیات کی جانب سے مانسون کے قبل از وقت آغاز کے امکان کا اظہار۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیرِ اعظم نریندر مودی آج بیکانیر سے 18 ریاستوں کے 103 امرت بھارت ریلوے اسٹیشنز کا افتتاح کریں گے۔ ان ریلوے اسٹیشنوں پر جدید انتظار گاہ، بیت الخلاء اور پناہ گاہیں تعمیر کی گئی ہیں۔ اس کے علاوہ بھی دیگر سہولیات ان اسٹیشنز پر موجود ہیں۔ ان میں ریاست کے آم گاؤں، چاندا فورٹ، چنچ پوکھلی، دیولالی، دھولیہ، کیڑگاؤں، لاسل گاؤں، لونند جنکشن، ماٹنگا، مرتضیٰ پور، اتواری، پریل، ساؤدا، شاہاڑ اور وڈالہ روڈ اسٹیشن بھی شامل ہیں۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا ہے کہ ریاست نے اس برس خریف ہنگام میں دو کروڑ چار لاکھ ٹن زرعی پیداوار کا ہدف رکھا ہے۔ کل ممبئی میں خریف ہنگام کی تیاری کے سلسلے میں منعقدہ جائزہ اجلاس کے بعد وہ اخباری کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ محکمۂ موسمیات نے اس برس اوسط سے زیادہ بارش ہونے کا امکان ظاہر کیا ہے، اس لیے وزیرِ اعلیٰ نے موسمِ خریف میں زیادہ پیداوار ہونے کی اُمید ظاہر کی۔ انھوں نے کہا کہ ریاست میں تخم اور کھادوں کا وافر ذخیرہ موجود ہے، اور کسانوں کو کسی بھی قسم کی قلت محسوس نہیں ہونے دی جائیگی۔ نقلی بیجوں کی روک تھام کیلئے ریاستی حکومت نے پہلی بار ''ساتھی'' پورٹل پر تخم کا اندراج لازمی قرار دیا ہے۔ جس سے بیج کس جگہ تیار کیا گیا اس کا پتہ چل سکے گا۔ انھوں نے مزید بتایا کہ آفاتِ سماوی کے سبب کسانوں کو بڑے پیمانے پر نقصانات اٹھانا پڑتے ہیں۔ اس لیے اب محکمۂ موسمیات کی مدد سے آفاتِ سماوی کی قبل از وقت اطلاع کسانوں کو دیئے جانے کے انتظامات کیے گئے ہیں۔

***** ***** *****

اسی دوران وزیرِ اعلیٰ نے کل مانسون کی آمد سے قبل تیاریوں کے اجلاس میں بھی شرکت کی۔ اس موقع پر انھوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ موسمِ باراں کے دوران جانی و مالی نقصان سے بچنے کیلئے کام کریں۔ اس کے علاوہ ہنگامی حالات میں تمام انتظامی افسران، ذمہ داری سمجھ کر ہیڈ کوارٹر سے رابطے میں رہتے ہوئے 24 گھنٹے کام کریں اور ہنگامی صورتحال میں فوری ردّعمل دیں۔

***** ***** *****

کسانوں کو صرف 200 روپئے پیمائش فیس ادا کر کے زمین کی تقسیم کی پیمائش اور نقشے فراہم کرنے کا فیصلہ وزیرِ محصول چندر شیکھر باون کُڑے نے کیا ہے۔ محکمۂ محصول کے جمع بندی کمشنر اور زمین ایکوائر کرنے کے ڈائریکٹر کے ساتھ ملاقات میں یہ فیصلہ کیا گیا۔ اس فیصلے کی وجہ سے ریاست بھر کے لاکھوں کسان خاندان قانونی طریقے سے زمین کی تقسیم کے عمل بہ آسانی مکمل کر سکیں گے۔

***** ***** *****

بزرگ ماہرِ فلکیات ڈاکٹر جینت نارڑیکر کی آخری رسومات کل پونا کے ویکنٹھ شمشان بھومی میں پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کی گئیں۔ کل صبح ان کے جسدِ خاکی کو ''آیوکا'' میں آخری دیدار کیلئے رکھا گیا تھا۔ وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس، نائب وزیرِ اعلیٰ اجیت پوار، سینئر سائنسداں رگھوناتھ ماشیلکر سمیت دیگر اہم شخصیات نے ان کا آخری دیدار کیا۔

***** ***** *****

ریاست کے چند آئی اے ایس افسران کے تبادلے کر دیئے گئے ہیں۔ چھترپتی سمبھا جی نگر کے ڈویژنل کمشنر دلیپ گاوڑے، خدمات سے سبکدوش ہو رہے ہیں۔ ان کی جگہ دھولیہ کے ضلع کلکٹر جتندر پاپڑ کر کا تبادلہ کیا گیا ہے۔ جبکہ چھترپتی سمبھا جی نگر کے سڈکو کی ایڈمنسٹریٹیو افسر بھاگیہ شری ویسپو تے کو دھولیہ کا ضلع کلکٹر نامزد کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

سابق وزیرِ اعظم آنجہانی راجیو گاندھی کی برسی کل دہشت گردی مخالف دِن کے طور پر منائی گئی۔ چھترپتی سمبھا جی نگر میونسپل کارپوریشن کی جانب سے راجیو گاندھی کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے دہشت گردی اور تشدد مخالف دن کے سلسلے میں حاضرین کو حلف دلایا گیا۔ اسی دوران شہر میں کل ضلع کانگریس کمیٹی کی جانب سے ترنگا یاترا نکال کر راجیو گاندھی کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔

***** ***** *****

آپریشن سندور کی حمایت میں کل ناندیڑ میں خواتین نے تیز بارش کے دوران سندور یاترا نکالی۔ بی جے پی کی خواتین شاخ کی ریاستی صدر چترا واگھ اور رکنِ اسمبلی شری جیا چوہان کی قیادت میں نکالی گئی اس یاترا میں خواتین کو قوم پرستی اور قومی اتحاد کا پیغام دیا گیا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھا جی نگر شہر میں ڈرینج کی صفائی کو مزید موئثر اور محفوظ بنانے کیلئے میونسپل کارپوریشن نے روبوٹک نظام کو فعال کر دیا ہے۔ میونسپل کمشنر اور ایڈمنسٹریٹر جی شری کانت کی رہنمائی میں یہ جدید اور اہم مہم شروع کی گئی۔ اس جدید روبوٹک مشین کی مدد سے ڈرینج کی صفائی کا کام اب مزید تیزی سے اور موئثر طور پر ممکن ہو سکے گا۔ اب صفائی ملازمین کو نالے میں اُترنے کی ضرورت نہیں پڑے گی، اس طرح ان کی حفاظت کا بڑا مسئلہ حل ہو جائے گا۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ کے سو روزہ پروگرام کے تحت دھاراشیو ضلع کے عمرگہ پولس اسٹیشن نے پہلا مقام حاصل کیا ہے۔ اس تھانے کو خوبصورتی سے سجایا گیا ہے اور وہاں مخصوص انداز میں شجرکاری بھی کی گئی۔ علاوہ ازیں پولس اسٹیشن کے انتظامی اُمور میں بھی بہتری آئی ہے۔ عمرگہ اور تعلقے کے بیشتر شہریوں نے اس پولس اسٹیشن کے طرزِ کار پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔

***** ***** *****

آ کاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر کے سبکدوش ملازم اور سابق فوجی نامدیو بورڈے کل چل بسے۔ وہ 85 برس کے تھے۔

***** ***** *****

لاتور ضلع میں کل مسلسل چوتھے دِن غیر موسمی بارش کا سلسلہ جاری رہا۔ اس بارش کے باعث رینا ندی بہہ نکلی ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ ضلع میں فصلوں کا بڑے پیمانے پر نقصان ہوا ہے۔ کسان اس غیر موسمی بارش کی آفت سے باہر نکالنے کیلئے انھیں معاوضہ ادا کرنے کا حکومت سے مطالبہ کررہے ہیں۔

دھاراشیو ضلع کے تمام تعلقوں میں بھی کل زوردار بارش ہوئی۔ رکنِ اسمبلی رانا جگجیت سنگھ پاٹل نے ہدایت کی ہے کہ اس بارش سے ہونے والے نقصانات کے پنچنامے کرکے رپورٹ حکومت کو روانہ کی جائے۔

***** ***** *****

اس برس مانسون کی قبل از وقت آمد کی پیش گوئی محکمۂ موسمیات نے کی ہے۔ عموماً کیرالہ میں یکم جون کو مانسون پہنچتا ہے۔ تاہم اس برس مانسون کے پانچ روز قبل ہی پہنچنے کیلئے حالات سازگار ہیں۔ یہ اطلاع محکمۂ موسمیات کے سائنسداں نریش کمار نے آ کاشوانی سے بات چیت کرتے ہوئے دی۔

دریں اثناء مہاراشٹر، کیرالہ، گوا اور کرناٹک کے ساحلی علاقوں میں زوردار بارش جاری ہے اور آئندہ پانچ تا چھ دِنوں تک اسی طرح کی صورتحال برقرار رہنے کا امکان ہے۔

***** ***** *****

عثمان آباد ریلوے اسٹیشن کا نام دھاراشیو ریلوے اسٹیشن کرنے کو مرکزی حکومت نے منظوری دے دی ہے۔ رکنِ پارلیمان اوم پرکاش راجے نمبالکر نے ریلوے کے اعلیٰ افسران سے ملاقات کرکے ریلوے اسٹیشن کا نام فی الفور تبدیل کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

- ☆ 18 ریاستوں کے 103 امرت بھارت ریلوے اسٹیشنوں کا آج وزیرِ اعظم کے ہاتھوں افتتاح؛ ریاست کے 15 اسٹیشن بھی شامل۔
- ☆ خریف ہنگام میں دو کروڑ چار لاکھ ٹن زرعی پیداوار کا ہدف مقرر کرنے کا وزیرِ اعلیٰ کا عندیہ۔
- ☆ کسانوں کو 200 روپئے فیس کے عوض زمین کی تقسیم کی پیمائش اور نقشے فراہم کرنے کا حکومت کا اعلان۔
- ☆ چھترپتی سمبھاجی نگر شہر میں ڈرینج کی صفائی کیلئے روبوٹک نظام فعال۔
- اور۔۔۔☆ محکمۂ موسمیات کی جانب سے مانسون کے قبل از وقت آغاز کے امکان کا اظہار۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****